ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

اوورلوڈنگ یا چھتوں پر مسافروں کو سوار کرنے والی بسز، وینز یا کوچز کے خلاف قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ

کراچی 28 مارچ 2017ء:۔

ترجمان سندھ پولیس کے مطابق مسافروں کو چھتوں پر یا بسوں کے سائیڈ پر سوار کرنے کے حوالے سے اخبارات میں شائع ہونے والی خبر اتصاویر پر آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک سے خبر کے مندرجات پر مشتمل تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔

انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہی اور پبلک ٹرانسپورٹ پر اوورلوڈنگ یا چھتوں پر سوار ہونے کے نقصانات سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے حوالے سے تمام ٹریفک زونز کی سطح پر مہم کا آغاز کیا جائے تا کہ سڑکوں پر ممکنہ حادثات کی روک تھام کے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ سڑکوں پر ٹریفک کی روانی اور متبادل روٹس کے جملہ اقدامات کو مزید بہتر کیا جائے اور بالخصوص مصروف اوقات میں شاہراہوں، ٹریفک لائٹس سگنلز، چوراہوں اور یوٹرنز وغیرہ پر ٹریفک پولیس ڈپلائمنٹ کو یقینی بنایا جائے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-99212639

عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر وسطی اور غربی پولیس اضلاع کی ٹیمز کے لیئے ایک لاکھ اور پچاس ہزار روپے نقد کا اعلان۔

کراچی 27 مارچ 2017ء:۔

ترجمان سندھ پولیس کے دفتر سے جاری ایک اعلامیئے کے مطابق آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے جرائم کے خلاف عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ضلع سینٹرل اور ضلع غربی پولیس پارٹیوں کے لیئے بالترتیب ایک لاکھ روپے اور پچاس ہزار روپے نقد انعامات اور تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے،،،،

تفصیلات کے مطابق ناظم آباد ضلع سینٹرل میں بس پر فائرنگ کے واقعہ میں ملوث ملزم کو وقوعے کے چند گھنٹوں کے اندر اندر گرفتار کرنے پر پولیس ٹیم کو ایک لاکھ روپے جبکہ ضلع غربی پولیس کی صوبہ بلوچستان کے ڈسٹرکٹ بولان میں کاروائی کرتے ہوئے پولیس کو متعدد وارداتوں میں مطلوب و مفرور خطرناک ملزم غلام رسول ناریجو جو کہ نذر و ناریجو کا ساتھی بتایا جاتا ہے کو گرفتار کرنے پر پولیس پارٹی کو پچاس ہزار روپے نقد اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا گیا۔

،،،،